روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ بدھ، 9 اپریل 2014ء

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کراچی

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

# 30 تفتیشی پولیس افسران اور اہلکاروں کا تربیتی کورس مکمل

## ورکشاپ کا مقصد جائے وقوع محفوظ بنا کر بہتر ابتدائی تفتیش یقینی بنانا ہے، سلطان خٹک

## جرمن تعاون سے 3 ہزار اہلکاروں کو تربیت دی جائیگی، افسران واہلکاروں میں اسناد تقسیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جرمن حکومت اور سندھ پولیس کے تعاون سے شروع کیے جانے والے پہلے 7 روزہ ریسپونڈر ٹریننگ کورس کے اختتام پر سابق آئی جی سندھ سلطان الدین بابر خٹک نے کہا ہے کہ تربیتی پروگرام کے تحت ساڑھے 3 ہزار پولیس افسران اور اہلکاروں کو تربیت فراہم کی جائے گی، تفصیلات کے مطابق پولیس افسران اور اہلکاروں کی تربیت کے لیے شروع کیے جانے ٹریننگ کورس کی اختتامی تقریب سے خطاب میں سابق آئی جی سندھ سلطان الدین خٹک نے کہا کہ پہلے مرحلے میں 7 روزہ تربیتی ورکشاپ کے دوران 30 پولیس افسران اور اہلکاروں کو خصوصی تربیت فراہم کی گئی ہے جس کے تحت جائے وقوع (کرائم سین) کو محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ منظّم طریقے سے فوری ابتدائی تفتیش اور پولیس کارروائی کو یقینی بنانا ہے، انھوں نے کہا کہ جرائم کی پیچیدگیوں کے پیش نظر پولیس کو عالمی معیار کے مطابق تربیت کی فراہمی کے علاوہ فوری کارروائی کے طریقہ کار کی تربیت انتہائی ضروری ہے، بعدازاں انھوں نے ورکشاپ میں شرکت کرنے والے پولیس افسران اور اہلکاروں میں اسناد تقسیم کیے اس موقع پر سابق ڈی آئی جی دوست محمد بلوچ نے خطاب میں کہا کہ پولیس نے 1934 کے تربیتی کورس میں ضروری ترمیم کر کے اہم موضوعات کو شامل کیا ہے لیکن ابھی بھی تفتیش کو معیاری بنانے کے لیے تفتیشی افسران کو نہ صرف اپنے کردار کو سمجھنا ہوگا بلکہ فارنسک سائنس کی مدد بھی لینی ہوگی۔

مسلسل اشاعت کے 74 سال

NAWAIWAQT.COM.PK

editor@nawaiwaqt.com.pk

@nawaiwaqt_ fb.com/nawaiwaqt

Local

DAILY NAWA-I-WAQT KARACHI

روزنامہ نوائے وقت

بانی حمید نظامی مرحوم

ایڈیٹر ڈاکٹر مجید نظامی کراچی

کراچی، لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد اور ملتان سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

WEDNESDAY APRIL 9, 2014

جلد 35 | بدھ 8 جمادی الثانی 1435ھ 9 اپریل 2014ء 27 چیت 2070 ب | فون نمبر 6-32293121 فیکس نمبر 2-32242971 قیمت 12 روپے | صفحات 12 | رجسٹرڈ ایس ایس نمبر MC-24 | شمارہ 181


# پولیس افسران کی تربیت کیلئے نیا تربیتی نصاب متعارف کرادیا گیا

## ماضی میں بیرون ملک اور اندرون ملک تربیت کے باوجود اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جاسکا

## نیا نصاب ہر سطح کی تربیت کیلئے استعمال کیا جائے گا بابر خٹک، تقسیم اسناد سے خطاب

کراچی (کرائم رپورٹر) سندھ پولیس نے پولیس افسران کی تربیت کیلئے نیا تربیتی نصاب متعارف کرادیا ہے۔ اس کا مقصد پولیس افسران کی تعلیمی اور تربیتی سہولتوں کو بہتر بنانا ہے۔ ماضی میں بیرون ملک اور اندرون ملک تربیت کے باوجود اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جاسکا۔ کیونکہ وہ نصاب کا حصہ نہیں بن سکا۔ سابق آئی جی سندھ بابر خٹک جو جرمن حکومت کے اس منصوبے کے مشیر ہیں نے کہا کہ نیا نصاب ہر سطح کی تربیت کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ تقریب تقسیم اسناد کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیا نصاب پولیس کی ٹریننگ کے تمام مراحل میں نافذ ہوگا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج یہ کورس مکمل ہوا ہے اس میں جائے وقوعہ پر پہنچ کر شہادتوں کو محفوظ اور جمع کرنا اور ساتھ ہی وقوعے کے متاثرین کی مدد کرنا شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کورس 14 اپریل سے صوبے کے تمام پولیس ٹریننگ سینٹرز میں متعارف کرادیا جائے گا۔ سابق ڈی آئی جی دوست علی بلوچ جنہوں نے یہ کورس مرتب کیا اور پڑھایا کہا کہ کورس کے ذریعے واقعہ کی تحقیقات بہتر طور پر کرنے کے ساتھ ساتھ متاثرین کی جانیں بچانے میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کی جانیں بچانا پولیس کی پہلی ترجیح ہے اور اسے تربیت کا حصہ بنادیا گیا ہے۔ جرمن ادارہ جی آئی زیڈ سندھ پولیس کے اشتراک سے تربیت اور فنی اعانت اور آلات کی فراہمی کررہا ہے۔ نئے نصاب میں پولیس کے بہتر رویوں اور تحقیقات کے نئے طریقوں کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ کورس 14 اپریل 2014ء سے محکمہ پولیس کے افسران کی تربیت کیلئے جدید اور سائنٹیفک طریقہ کار کے مطابق شروع ہوگا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

رجسٹرڈ نمبر: MC-1375

روزنامہ نئی بات کراچی

Daily Nai Baat

www.naibaat.com

email.karachi@naibaat.com

چیف ایڈیٹر چوہدری عبدالرحمٰن

| | | |
|---|---|---|
| جلد 3 | بدھ 8 جمادی الثانی 1435ھ 09 اپریل 2014ء صفحات 16 قیمت 12 روپے | شمارہ 79 |


# تین ہزار پولیس افسران واہلکاروں کو تربیت دی جائیگی، سابق آئی جی سندھ

## ریسپونڈر ٹریننگ کورس کے تحت کرائم سین محفوظ کرنے اور ابتدائی کارروائی یقینی بنائی جائیگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت جرمنی اور سندھ پولیس کے تعاون سے شروع ہونے والے سات روزہ فرسٹ ریسپونڈر ٹریننگ کورس کے اختتام کے موقع پر سابق آئی جی سندھ سلطان صلاح الدین بابر خٹک نے کہا کہ متذکرہ تربیتی پروگرام کے تحت ساڑھے تین ہزار پولیس افسران واہلکاروں کو تربیت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سات روزہ تربیتی ورکشاپ کے دوران 30 پولیس افسران اور اہلکاروں کو خصوصی تربیت فراہم کی گئی ہے جس کے تحت کرائم سین کو محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ منظم طریقے سے فوری ابتدائی پولیس کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جرائم کی پیچیدگیوں کے پیش نظر پولیس کو عالمی معیار کے مطابق تربیت کی فراہمی کے علاوہ فوری کارروائی کے طریقہ کار کی تربیت انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فرسٹ رسپانڈر کورس دنیا بھر میں پولیس کے کورس کا لازم جز ہے جبکہ اب سندھ پولیس کے تربیتی کورس میں اسے لازم جز کی حیثیت سے شامل کر لیا گیا ہے اور آئندہ ترقی پانے والے افسران کو بھی یہ کورس کرنا لازم ہوگا۔ اس موقع پر سابق ڈی آئی جی دوست علی بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس نے 1934 تربیتی کورس میں ضروری ترمیم کر کے اہم موضوعات کو شامل کیا ہے لیکن ابھی بھی تفتیش کو معیاری بنانے کیلئے تفتیشی افسران کو نا صرف اپنے کردار کو سمجھنا ہوگا بلکہ فارنیسک سائنس کی مدد بھی لینی ہوگی تاکہ مقدمات کی تفتیش کو منطقی انجام تک پہنچایا جاسکے۔



رسپانڈر ٹریننگ کورس کے اختتام پر سابق آئی جی سندھ بابر خٹک کے ساتھ شرکا کا گروپ فوٹو

DAILY DUNYA KARACHI www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا کراچی

Wednesday, April 9, 2014

جلد نمبر 3 | بدھ 8 جمادی الثانی 1435ھ 9 اپریل 2014ء | شمارہ نمبر 144

رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر 777-177-111-021، فیکس نمبر 021-35114030 | صفحات 16 قیمت 12 روپے

# سندھ پولیس کے ایک ہزار ٹرینرز کی خصوصی تربیت کا فیصلہ

## 35 ہزار اہلکاروں کی انسداد دہشت گردی استعداد بڑھائی جاسکے گی، ایڈیشنل آئی جی

## جدید ترین کورسز کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں، ''دنیا'' سے غلام حیدر جمالی کی گفتگو

کراچی (رپورٹ: عاطف رضا) سندھ پولیس کے 8 ٹریننگ سینٹرز میں ایک ہزار ٹرینرز کو جرمن حکومت کے ماتحت ادارے زیڈ آئی جی کے تحت دہشت گردی سے نمٹنے کی خصوصی اور جدید ترین تربیت دی جائے گی۔ ٹرینرز یہی تربیت 35 ہزار اہلکاروں کو منتقل کریں گے۔ ایڈیشنل آئی جی سندھ کا کہنا ہے کہ اس سے قبل (باقی صفحہ 5۔ نمبر 36)

### بقیہ نمبر 36 پولیس ٹریننگ

مختلف اداروں نے پولیس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ اور تفتیشی عملے کو جدید کورسز کرائے ہیں جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ ایڈیشنل آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے دنیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سندھ پولیس کے آٹھ ٹریننگ سینٹرز ہیں جن میں سعید آباد اور رزاق آباد (کراچی) کے علاوہ شہداد پور کے سینٹر نمایاں ہیں۔ بیشتر اہلکاروں کو ان سینٹرز میں تربیت دی جاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب تک طے شدہ خطوط ہی پر تربیت دی جاتی رہی ہے مگر اب جدید دور کے تقاضوں کے تربیت دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس اہلکاروں کو انسداد دہشت گردی، بم ڈسپوزل اور دیگر امور کے حوالے سے بنیادی تربیت دی جارہی ہے۔ دہشت گرد جدید ترین ہتھیار اور اسلحہ استعمال کرنے لگے ہیں اس لیے ان سے مقابلے کے لیے ہمیں ان سے آگے جاکر سوچنا ہوگا۔ جدید تربیت کا ایک بنیادی کورس مکمل کیا جاچکا ہے۔ تقسیم اسناد کی تقریب گزشتہ دنوں ہوئی جس میں سابق آئی جی سندھ صلاح الدین بابر خٹک اور سابق ڈی آئی جی فنانس دوست علی بلوچ مہمانان خصوصی تھے۔

روزنامہ
جہان پاکستان
کراچی
جلد 2 | کراچی، لاہور اور اسلام آباد سے بیک وقت اشاعت | بدھ 8 جمادی الثانی 1435ھ 9 اپریل 2014 | با قاعدہ تصدیق شد



فرسٹ ریسپونڈر کورس کے اختتام پر شرکا کا سابق آئی جی صلاح الدین بابر کے ہمراہ گروپ

## جرمن حکومت کمیشن کے تعاون سے 35 پولیس اہلکاروں کی تربیت

### فرسٹ ریسپونڈر کورس کے اختتام پر شرکا میں سرٹیفکیٹ تقسیم، سابق آئی جی و دیگر کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جرمن حکومت کمیشن کے زیر اہتمام سندھ پولیس کے 35 اہلکار اور ڈاکٹر کو فرسٹ ریسپونڈر کورس کی تربیت کرائی گئی، سعید آباد، شہداد پور اور لاڑکانہ کے 33 اے ایس آئی، سب انسپکٹر نے تربیت حاصل کی۔ ورکشاپ مقامی ہوٹل میں یکم سے 8 اپریل تک منعقد کی گئی۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکا میں سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی سابق آئی جی صلاح الدین بابر خٹک، آئی جی دوست محمد بلوچ، غلام علی اور دیگر بھی موجود تھے۔ کوآرڈینیٹر غلام علی نے جہان پاکستان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سندھ کے تین اسٹیشن سعید آباد کراچی سے 15، شہداد پور سے 7 اور لاڑکانہ سے 7 ٹرینز پولیس اہلکار کو تربیت کرائی گئی ہے، جو 14 سے 15 سو سندھ پولیس کے افسران و اہلکاروں کو تربیت دیں گے۔ ٹرینز کے لیے دوسری ورکشاپ ہے اور تیسری ورکشاپ بعد ہوگی، جس میں انویسٹی گیشن کے کورس کرائے جائیں گے، اگلے کورس کے لیے کچھ اور لوگوں کو منتخب کیا جائے گا۔ یہ ورکشاپ جرمن حکومت کمیشن اور سندھ پولیس کے زیر اہتمام منعقد کی گئی، 19 اپریل سے سندھ کے تین اسٹیشنوں پر ٹرینز کورس کی ٹریننگ شروع کرائیں گے۔

روزنامہ دنیا کراچی، جمعرات 10 اپریل 2014ء

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا کراچی

# پولیس افسران کی تربیت کیلئے نیا تربیتی نصاب متعارف کرا دیا گیا

کراچی (پ ر) سندھ پولیس نے افسران کی تربیت کیلئے نیا تربیتی نصاب متعارف کرا دیا ہے۔ اس کا مقصد پولیس افسران کی تعلیمی اور تربیتی سہولتوں کو بہتر بنانا ہے۔ ماضی میں بیرون ملک اور اندرون ملک تربیت کے باوجود اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکا۔ کیونکہ وہ نصاب کا حصہ نہیں بن سکا تھا۔ سابق آئی جی سندھ بابر خٹک جو جرمن حکومت کے اس منصوبے کے مشیر ہیں نے کہا کہ نیا نصاب ہر سطح کی تربیت کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ تقریب تقسیم اسناد کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیا نصاب پولیس کی تربیت کے تمام مراحل میں نافذ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کورس 14 اپریل سے صوبے کے تمام پولیس ٹریننگ سینٹرز میں متعارف کرا دیا جائے گا۔